POINT OF ORDER WITH REGARD TO A LETTER ADDRESSED TO MANY SENATORS REGARDING THE CONSTITUTION (15TH AMENDMENT) BILL.

جناب زاہد خان۔ شکریہ ۔ پہلے میں یہ لیٹر پڑھ لوں پھر اس کے بعد عرض کروں گا ۔ سر یہ لیٹر ہے اس پر لکھا ہے ، مسلم سٹوڈنٹس فیڈریشن نواز شریف گروپ ۔ شریعت کا جو غدار ہے وہ موت کا حقدار ہے ۔ مکرمی و محترمی اسلام علیکم ، وزیر اعظم نواز شریف نے قومی اسمبلی سے شریعت بل منظور کروا کر عوام سے اپنا وعدہ پورا کردیا ہے ۔ مگر اب سینٹ سے پاس ہونا رہ گیا ہے ۔ ہمارے قائد نے اراکین سینٹ سے مطلوبہ تعداد سے شریعت بل پر حمایت حاصل کرنے کا ٹارگٹ ہمیں سونپا ہے تاکہ اس کی سینٹ سے منظوری حاصل کی جاسکے ۔ عوام کا نمائندہ اور مسلمان ہونے کے ناطے سے آپ کی ذمہ داری ہے کہ پاکستان میں اسلامی نظام کے نفاذ کے لئے وزیراعظم کی راہ میں روڑے اٹکانے کی بجائے اس کا ساتھ دیں ۔ دو قومی نظریہ کا بھی یہی تقاضا ہے۔ جو لوگ شریعت بل کی حمایت نہیں کریں گے وہ مرتد اور منکر اسلام قرار پائیں گے اور ہمارے پیارے مذہب میں ایسے لوگوں کو واجب القتل ٹھہرایا گیا ہے۔ بطور سینیٹر آپ سیاسی وابستگی سے بالا تر ہوکر شریعت بل کی حمایت کریں ۔ شریعت بل کی حمایت نہ کرنے والا ہر شخص مرتد اور کافر قرار پائے گا۔ لہذا قران و سنت کے مطابق دائرہ اسلام سے خارج ہونے والے سینیٹروں کو قرار واقعی سزا دینا مسلمان ہونے کے ناطے ہم پر لازم ہوگا ۔ انشاء اللہ ہم اپنے امتحان ومشن میں ضرور کامیاب ہوں گے ۔ مختلف قائدین طلبہ ۔ سر یہ لیٹر پیڈ ہے جس کے ایک طرف قائد اعظم محمد علی جناح کی تصویر ہے اور دوسری طرف نواز شریف صاحب کی ہے ۔ میں آپ کو اس کی کاپی دے دوں گا ۔ سر ۔۔

ایک معزز رکن ۔ جناب اس پر پریولج موشن دینا چاہیے ۔

جناب چیئرمین۔ دیکھیں آپ آپس میں ایک بات پر متفق ہوں تاکہ میرے سامنے ایک چیز آئے ۔

جناب زاہد خان ۔ مجھے بات کرنے دیں ۔ یا تو پھر آپ لوگ بولیں، آپ اٹھالیں تو

جناب چیئرمین - It is upto you جو آپ سوال کریں گے ۔ میں تو آدھے گھنٹے سے کہہ رہا ہوں لیکن آپ ہی کہہ رہے ہیں کہ چار پانچ ہونے دیں تو جب چار پانچ ہوتے ہیں تو پانچ دس بھی ہوجائیں ۔ فیصلہ آپ کرلیں کیونکہ میں نے تو صبح ہی کہا تھا آپ کو ۔

جناب رضا ربانی ۔ سر، آپ زاہد صاحب کو بولنے دیں ۔

جناب چیئرمین- ٹھیک ہے جی ۔ پہلے زاہد خان صاحب بولیں ۔

خواجہ قطب الدین- جناب اس سلسلے میں میں کہنا چاہتا ہوں کہ یہ جو ---

جناب زاہد خان ۔ سر، فلور میرے پاس ہے اور خواجہ صاحب وہاں کھڑے ہوجاتے ہیں۔

خواجہ قطب الدین ۔ جناب جب یہ لیٹر کا جا رہے ہیں، صحیح بات ہے یہ سینٹ کے نوٹس میں لا رہے ہیں تو آپ اس پر رولنگ دیں کیونکہ یہ ایک process چل پڑا ہے، روزانہ پانچ سات لیٹر میرے پاس بھی آتے ہیں جس میں کچھ 15th Amendment کے favour میں اور کچھ اس کے against بھی ہوتے ہیں، اگر یہ ہے تو آپ رولنگ دیجیئے۔

جناب چیئرمین ۔ میں رولنگ کیا دوں ۔پہلے ان کی بات سن لیں پھر آپ کی بات سنتا ہوں ،جی فرمائیے ۔

جناب محمد زاہد خان ۔ جناب والا! یہ قطب الدین صاحب نے عجیب سا یہاں پر ایک ڈرامہ رچا رکھا ہے کہ جب بھی کوئی ممبر کھڑا ہوتا ہے تو یہ کہتے ہیں کہ جی point of order ہے ،جناب اس بات کا تو جواب ------

جناب چیئرمین ۔ زاہد خان صاحب ۔ آپ اپنی بات----

جناب محمد زاہد خان ۔ جناب والا! جب بھی یہاں پرکوئی ممبرکھڑا ہوتا ہے ،تو یہ کھڑے ہو جاتے ہیں پتا نہیں اس کا----

جناب چیئرمین ۔ چلیں میں نے ان کو بٹھا دیا ہے please ,please.

(مداخلت)

جناب چیئرمین- Please کل بھی یہی بات ہوئی تھی ،کل بھی خٹک صاحب نے

بڑا اچھا مشورہ دیا تھا' دونوں طرف سے ---

(مداخلت)

جناب چیئرمین - جی تشریف رکھیں - دیکھیں ہماری خوش قسمتی ہے کہ اس قسم کے بزرگ ہمارے پاس موجود ہیں جو ہمیں کہتے رہتے ہیں کہ بھائی یہ صحیح ہے اور یہ صحیح نہیں ہے ' ابھی وہ کہہ رہے ہیں کہ -----

(مداخلت)

جناب محمد زاہد خان - جناب یہ ہمیشہ کھڑے ہو جاتے ہیں' یہ کیا بات ہے -

جناب چیئرمین - ابھی پھر وہ کہہ رہے ہیں کہ اس قسم کی دھمکیاں دینا دونوں طرف سے مناسب نہیں ہے -جی جناب راجہ ظفر الحق صاحب - ایک منٹ جی' راجہ صاحب بات کر لیں پھر آپ کی بات سن لیتے ہیں - پلیز تشریف رکھیں-

(مداخلت)

جناب چیئرمین - دیکھیں کل انہوں نے کہہ دیا ' آج آپ نے کہہ دیا - میں کیا کروں کل انہوں نے کہا آج آپ نے کہہ دیا -اچھا جی راجہ صاحب کی بات سن لیں' جی راجہ صاحب-

راجہ محمد ظفر الحق - جناب چیئرمین ! مجھے افسوس ہے کہ گزشتہ سیشن میں ' میں حاضر نہیں تھا لیکن وہاں ہسپتال میں اخبارات کی cuttings وغیرہ مجھے بھیجی جاتی تھیں 'تو مجھے افسوس ہوتا تھا کہ سینٹ کا ماحول ذرا تلخ ہو گیا ہے - کل جب ہم بیٹھے تو تمام راہنما جو اپوزیشن کے ہیں وہ موجود تھے- ہم نے ایک طریقہ کار طے کیا تھا تاکہ وہی ماحول جو خوشگوار ماحول سینٹ سے متعلق ہے اس کو واپس لایا جائے - اس سلسلے میں یہ بھی فیصلہ ہوا تھا کہ کل اور آج کا دن پرائم منسٹر کے امریکہ visit پر بحث ہو گی اور اس کے دو دن بعد کراچی کی صورتحال پر بحث ہو گی' 245 پر تو اس میں آپ 244 بھی کر سکتے ہیں' 243 بھی کر سکتے ہیں-

جناب چیئرمین - 246 بھی کر سکتے ہیں -

راجہ محمد ظفر الحق - جی ہاں' تو اس وجہ سے 'لیکن یہ جو کل بھی سلسلہ تھا وہ بھی ہمارے ہاتھوں سے نکل گیا اور آج بھی ساڑھے بارہ ہونے کو آئے ہیں اور ابھی تک بحث

شروع ہی نہیں ہو سکی لیکن یہ جو ماحول ہے اس کو واپس لانے کے لئے میں گزارش کروں گا کہ ایک ایک سینیٹر کی اپنی ذمہ داری ہے کہ سینٹ کے وقار کو دوبارہ بحال کرنا بہت ضروری ہے۔ اس کے بغیر سینٹ کی کارروائی کا اصل طریقہ سے نہیں ہو سکے گی اور پھر یہ ماحول تلخی میں بدلتا جاتا ہے اور ایک دوسرے کا لحاظ نہیں رہتا۔ جب انسانوں کا ایک دوسرے سے لحاظ نہیں رہتا تو پھر وہ اپنا کام بھی صحیح طریقے سے نہیں کر سکتے، اس لئے میں گزارش کروں گا کہ جو ہو چکا سو ہو چکا، اس لئے اب کارروائی صحیح معنوں میں شروع کی جائے اور جو معاملات ہیں مثال کے طور پر کسی کو کوئی لیٹر آیا ہے، آپ کے رہنما موجود ہیں، آپ انہیں دیں، وہ ہم سے بات کریں گے اور اس کے بعد جو وہ کہیں گے ہم ماننے کو تیار ہیں۔

جناب چیئرمین ۔ راجہ صاحب! آپ کی بڑی مہربانی ۔ میں صرف یہ گزارش کروں گا کہ ایک ادارے میں اور ایک عام محفل میں فرق یہ ہوتا ہے کہ ادارے کا کچھ طریقہ ء کار ہوتا ہے، کوئی قانون ہوتا ہے، کوئی اصول ہوتے ہیں، رضا صاحب میں آپ سے مخاطب ہوں کہ ایک ادارے میں اور ایک عام محفل میں فرق یہ ہوتا ہے کہ ادارے کا کوئی طریقہ کار ہوتا ہے، کوئی قانون ہوتا ہے یعنی اگر کوئی بات بھی کرنی ہو تو اس کا بھی ایک اصول ہوتا ہے کہ جی اس طرح بات کرنی ہے ۔ آپ امریکہ کے House of Representatives کو دیکھیں کہ اس میں انہوں نے فلاں procedural tactics apply کیا، فلاں طریقہ کیا ۔ House of Lords دیکھیں، House of Commons دیکھیں ۔ ساری دنیا میں اداروں کا کوئی طریقہ کار ہوتا ہے بلکہ بات کرنے کا بھی کوئی طریقہ ہوتا ہے ۔ اب یہاں پر یہ ہو گیا ہے کہ جو مرضی آئے کر لو ۔ اب کل ہم نے ایک طریقہ کار طے کیا تھا اور بڑی خوش اسلوبی سے، خوبصورتی سے طے کیا اور ہم دل میں خوش تھے کہ چلو، اب ایک وقار کے ساتھ بات کریں گے ۔ بات تو وہی کرنی ہوتی ہے لیکن ایک طریقہ ہوتا ہے۔ اب یہاں پر ایک ایسی روش بن گئی ہے کہ جو مرضی آئے ہم بات کر دیں ۔ کوئی طریقہ نہیں کوئی رول نہیں، کوئی اصول نہیں ہے۔

اب صبح سے میں نے کوشش کی کہ بھئی دیکھیں کہ آپ نے ایک طریقہ طے کیا ہوا ہے، ایک agreement کیا ہے کہ بھئی ہم نے فلاں بات کرنی ہے ۔ جب میں نے روکنے کی کوشش کی تو آپ نے کہا کہ دو تین allow کر دیں ۔ جب میں دو تین کو allow کروں گا تو میں پانچ چھ کو allow کیوں نہ کروں ۔ بھئی اگر میں فضل محمد صاحب کو اجازت دیتا ہوں تو میں

زاہد خان صاحب کو کیوں نہ دوں۔ یہ میرے لئے مشکل ہو جاتا ہے ۔ آپ کے لئے مشکل نہیں ہے ، میرے لئے مشکل ہے کیونکہ میں یہاں بیٹھا ہوں ۔ اگر میں ایک facility جناب بھنڈر صاحب کو دیتا ہوں اور آپ کو نہ دوں تو میرے لئے مشکل ہے ۔ تو اس لئے مہربانی کر کے میرے ہاتھ مضبوط کریں اور وہ یہ ہے کہ ہر ایک چیز کا طریقہ کار بنا لیں کہ آپ نے ادھر کوئی بات کرنی ہے تو اس کا کیا طریقہ ہے ، کوئی issue raise کرنا ہے ، اس کا کیا طریقہ ہے تاکہ پھر ہر ایک کو معلوم ہو کہ اس طرح ہے ۔ اس کا یہ بھی فائدہ ہو گا کہ کوئی issue raise ہوگا تو اس کا کوئی جواب دینے والا بھی ہو گا ۔ مثلاً آج بلیدی صاحب نے سوئی گیس کی بات کی ۔ اب یہاں پر کوئی ایسا آدمی نہیں ہے جو سوئی گیس کا جواب دے سکے ۔ دیکھیں ناں وہ اپنے علاقے کے نمائندے ہیں ۔ اپنے علاقے کی نمائندگی کرتے ہیں ۔ جب وہ ایک issue کو اٹھائیں گے تو اس کا باقاعدہ جواب آنا چاہیے ۔ حکومت کے نوٹس میں ہونا چاہیے کہ یہ ایک مسئلہ ہے لیکن یہاں پر یہ ہوتا ہے کہ ایسے ہی بات چیت ہو گئی ، پھر بات ختم ہو گئی ۔ تو مہربانی کر کے کوئی طریقہ کار ، کوئی اصول اپنایا جائے تاکہ دنیا کے ایوانوں کی طرح ہم بھی کسی طریقے سے چلیں۔ بس میری اتنی سی گزارش ہے ۔ جی جناب عاقل شاہ صاحب ۔

سید عاقل شاہ۔ جناب والا! میں عرض کرتا ہوں ۔یہی بات جو آپ نے ہمیں کہی ہے ، یہ ہمارے لیڈر جناب اجمل خٹک صاحب یہاں پر بیٹھے ہوئے ہیں ۔

جناب چیئرمین۔ یہ کل انہوں نے بات کی ہے ۔

سید عاقل شاہ۔ یہ ہمیشہ ہمیں ہدایت دیتے ہیں ۔ ہم اس پر عمل کرتے ہیں ۔ جناب! کوئی ایسی بات نہیں ہے ۔ ہم کوئی بدتمیز لوگ نہیں ہیں ۔ مگر جناب میں آپ سے گزارش کرنا چاہتا ہوں کہ it has become a habit for one of the members over here, اب آپ دیکھیں ، کل بھی یہ بات ہوئی ۔ اب زاہد خان صاحب پوائنٹ آف آرڈر پر ہیں اور قطب الدین صاحب اٹھ کر کھڑے ہو گئے تو میں آپ سے request کرتا ہوں۔

جناب چیئرمین۔ دیکھیں ناں ، اگر خالی یہاں سے ایک شخص کھڑا ہوتا ہے تو میں اس کا نوٹس لیتا ہوں لیکن ہر وقت ہر کوئی کھڑا ہوتا ہے یعنی یہ کوئی individual problem نہیں ہے ۔ یہ ہمارے ہاؤس کی ایک روش بن گئی ہے ۔ تو میں سب سے یعنی دونوں طرف سے

request کروں گا کہ مہربانی کر کے کچھ تحمل اور طریقہ کار کے مطابق بات کریں۔

Syed Aqil Shah: Sir, what I want to establish at this point of time is کہ قطب الدین صاحب، آپ یہ نوٹ کر لیں اور پچھلی کارروائیاں نکال کر دیکھ لیں ۔ ہم وزیر صاحب سے سوال کرتے ہیں۔ یہ اٹھ کر کھڑے ہو جاتے ہیں یعنی کل یہ تھا کہ پانچ سوالوں کا جواب تو قطب الدین صاحب نے دیا تو میں نے اس لئے پوچھا تھا کہ قطب الدین صاحب کیا چیز ہیں۔ You see, he should be asked to come to this tendency آپ کو ہم سے شکایت ہے۔

جناب چیئرمین۔ خالی قطب الدین صاحب اٹھتے تو میں ضرور نوٹس لیتا لیکن آئندہ مہربانی کر کے کوئی بھی نہ اٹھے اور جس کو کہا جائے وہ اٹھے تو کسی سے شکایت نہیں ہو گی۔

سید عاقل شاہ۔ جناب والا! ہم سے آپ کو کوئی شکایت نہیں ہوگی۔بات ختم۔ان کو آپ سمجھائیں۔

جناب چیئرمین۔ چلیں. that is all جی جناب بلیدی صاحب! آپ کیا کہنا چاہتے ہیں ۔ پہلے زاہد خان صاحب کا مسئلہ ۔ زاہد خان صاحب نے جو معاملہ اٹھایا ہے، وہ پہلے کرتے ہیں ۔ جی زاہد خان صاحب ۔

جناب محمد زاہد خان۔ شکریہ جناب ! میں نے یہ لیٹر تو پڑھا اور وہاں سے راجہ صاحب نے یہ بھی کہا کہ اگر لیٹر آ جاتا تو آپ لیٹر ہم کو دے دیتے تو ہم اس پر غور کر لیتے ۔ یہ لیٹر صرف زاہد خان صاحب کو نہیں آیا ۔ یہ لیٹر اس ہاؤس کے جو اپوزیشن میں بیٹھے ہیں، ہر ایک ممبر کو آیا ہے اور جو دوسرے معزز ممبر نے بات کی کہ ہمیں بھی لیٹر آتے ہیں تو لیٹر آتے رہتے ہیں لیکن ان میں request ہوتی ہے یا ایک طریقہ کار ہوتا ہے ۔ یہ تو threat ہے اور threat بھی اس قسم کی ہے کہ جی فتویٰ لگا دیا ہے اور ایک مجھے ہی نہیں آیا ہے، یہ ہاؤس میں شفقت محمود صاحب کو آیا ہے، شیخ آفتاب احمد صاحب کو آیا ہے یعنی ہر ممبر کو یہ لیٹر گیا ہے۔ جناب! آپ کو معلوم ہو گا کہ ملک کے سربراہ جب اس قسم کی باتیں پبلک میں کریں گے؛ پبلک اجتماعات میں کریں گے تو یہی چیزیں جنم لیں گی ۔ جب سوات پہلی بار گیا، وہاں سوات میں اپنی تقریر میں عوام سے کہا کہ میں کیا کروں ۔ آپ لوگ کیا ہیں ۔ تو وہاں

سے جو آواز آئی وہ بھی جناب آپ کے سامنے ہے ۔ اس وقت بھی میں نے یہاں اس فلور پر آپ کے سامنے مخاطب ہو کر یہ بات کہی تھی کہ میرا علاقہ سب سے زیادہ sensitive ہے ۔ وہاں پر پہلے بھی ایک ایسی چیز چل رہی ہے۔ وہاں پر جو ایک منتخب ممبر تھا وہ 1992,93 میں مارا گیا تھا۔ یہ ڈر اور خوف کی بات نہیں ہے ۔ یہ انتشار کی بات ہے ، آگ کی بات ہے ۔ جہاں پر آپ آگ لگائیں گے اس آگ کی نذر آپ بھی ہو سکتے ہیں۔ یہ ضروری نہیں ہے۔ کیونکہ گولی کی کوئی آنکھیں نہیں ہوتیں۔ آپ افغانستان کی صورتحال دیکھیں کہ کتنے لوگ آئے، کہاں کہاں آئے ، سات لیڈر پہلے آئے، وہ سات لیڈر کہاں گئے۔ اس کے بعد اب جو وہاں پر ہو رہا ہے کسی کو نظر آتا ہے کہ گولی کس طرف سے چلی اور کہاں چلی گئی۔ اس دن بھی جناب میں نے آپ کے سامنے مخاطب ہو کر یہی بات کی تھی کہ پرائم منسٹر صاحب خود اس ملک میں انارکی پیدا کرنے کی کوشش کر رہے ہیں اور جب گولی چلے گی تو صرف اپوزیشن ممبر کو نہیں لگے گی؛ اس کی آنکھیں نہیں ہوتیں' یہ میاں نواز شریف کے سر میں بھی لگ سکتی ہے۔ یہ ایک ایسی بات ہے کہ اگر آپ خود آگ کو بھڑکانے کی کوشش کرتے ہیں تو اس آگ میں آپ خود بھی جل سکتے ہیں۔ میرا علاقہ ایک sensitive علاقہ ہے، وہاں پر شریعت کے نام پر لوگ نکل آتے ہیں اور وہاں پر آپ نے خود کتنے آپریشن کئے، پیپلزپارٹی کے دور میں آپریشن ہوئے، وہاں پر کتنے لوگ مارے گئے، آج پھر لوگوں کو مروانا چاہتے ہو، پھر لڑوانا چاہتے ہو اپنے اقتدار کی خاطر، اپنے اختیارات کی خاطر، اختیارات کا بھوت سر پر سوار کیا ہوا ہے کہ میں صبح اٹھوں اور میں فلاں بندے کو چوراہے پر لٹکا دوں۔

یہ جناب نہ کسی جمہوری ملک میں ہے، نہ اسلام میں ہے، یہ کسی بھی فلسفے کا رخ نہیں ہے جس طرف یہ اس ملک کو لے کر جا رہے ہیں۔ جناب یہ انارکی جب پھیلے گی تو صرف سوات اور مالاکنڈ ڈویژن میں نہیں رکے گی اس کی لپیٹ میں پنجاب بھی آ سکتا ہے۔ کل وہ میانوالی گئے ہیں وہاں پر بھی یہی تقریر کی گئی ہے۔ راجہ صاحب ہم آپ کو لیٹر دیں یا اپنے لیڈر کو کہیں کہ وہ آپ سے discuss کرے۔ آپ اپنے لیڈر سے بات کریں کہ خدارا ! وہ جس راستے پر چل نکلا ہے اس سے باز آ جائے۔ ورنہ اس ملک کا ستیاناس ہو جائے گا اور ہم سب جل جائیں گے۔ میں نے پہلے بھی کہا تھا کہ اگر مالاکنڈ ڈویژن میں شریعت کے نام پر اگر کوئی بلی بھی مری تو اس کی ذمہ داری میاں نواز شریف پر ہو گی اور میں FIR ان کے نام سے کٹواؤں گا۔

انشاء اللہ یہ ضرور ہو گا کیونکہ یہ آگ جلانے کی طرف مائل ہیں۔ شکریہ۔

جناب چیئرمین۔ جی راجہ صاحب کچھ کہنا چاہیں گے۔

جناب آفتاب احمد شیخ۔ جناب میں نے ایک موشن move کی ہوئی ہے۔

جناب چیئرمین۔ ٹھیک ہے وہ موشن آئی گی۔ ابھی تو point of order پر بات ہو رہی ہے اس معاملہ کو ختم کریں۔ You want to take up your motion today? آپ نے موشن دی ہوئی ہے ، موشن میرے پاس ہے اس کو میں قاعدے کے مطابق دیکھوں گا لیکن آج جو معاملہ ہے اس کو تو point of order پر -----

جناب آفتاب احمد شیخ۔ اگر آپ یہ بات dispose of کر رہے ہیں اور point of order جیسا کہ انہوں نے کہا---

جناب چیئرمین۔ تو میں کیا کروں مجھے بتائیں ۔ میں تو نہیں کرنا چاہ رہا۔ میں تو صرف یہ کہہ رہا ہوں کہ بھئی ان کا کم ازکم کوئی جواب تو دے دے۔

Mr. Aftab Ahmed Shaikh: Alright tomorrow sir.

Mr. Chairman: I don't know. I will have to see whether it is according to the rules or not.

جو آپ نے دیا ہے وہ دیکھنا پڑے گا۔

جناب آفتاب احمد شیخ۔ یہ بڑا dangerous مسئلہ ہے۔

Mr. Chairman: I know Aftab Sahib and you know that anything that comes to me has to be examined according to the rules. So I will examine it, if it is according to the rules then bring it up.

جناب آفتاب احمد شیخ۔ میں نے کل پیش کیا ' privilege motion تھا کل examineنہیں ہوا ' آج examine نہیں ہوا۔

جناب چیئرمین۔ میں examine نہیں کر سکا ہوں ، میں کر لوں گا لیکن میں صرف

آپ سے یہ کہہ رہا ہوں کہ

I can only tell you that I will examine it.

جناب آفتاب احمد شیخ۔ میں صرف دو منٹ چاہتا ہوں۔

جناب چیئرمین۔ جی فرمائیے۔ عباسی صاحب بات سننے میں کوئی حرج نہیں ہے۔

حاجی جاوید اقبال عباسی۔ جب بھی آپ ہمارے قائد ایوان کو floor دیتے ہیں تو دوسری طرف سے کوئی نہ کوئی آدمی کھڑا ہو جاتا ہے یہ غلط بات ہے۔ اگر ان کی کوئی بات ہے تو پہلے راجہ صاحب کو بات کرنے دیں۔

جناب چیئرمین۔ بہرحال بات سن لیتا ہوں کیا بات ہے۔

جناب آفتاب احمد شیخ۔ جناب چیئرمین! یہ خط جس کا اس میں حوالہ دیا ہے یہ خط کئی Senators کو آیا ہوا ہے، میں نے ضابطے کی کارروائی یہ کی کہ بجائے اس کو point of order پر اٹھانے کے ایک موشن بنا کر آپ کے سامنے کل پیش کیا۔

جناب چیئرمین۔ آپ کی بات بالکل صحیح ہے میں آپ سے hundred percent agree کرتا ہوں کہ طریقہ کار یہی ہے لیکن آپ ہی کے گروپ کے ایک ممبر نے یہ پوائنٹ اٹھایا ہے۔ اب discipline تو یہی تھا کہ یہ آپ آپس میں طے کر لیتے کہ کیسے ہوتا ہے، میں کیا کروں میں نے تو سوا گھنٹہ پہلے کوشش کی کہ بھئی ان معاملوں پر نہ جائیں، آپ ہی کے گروپ کے ایک شخص نے point اٹھایا، اب میں کیا کروں مجھے بتائیں۔ اگر آپ سمجھتے ہیں کہ میں صحیح نہیں کر رہا تو آپ بیٹھ کر اس معاملے کو طے کر لیں۔ جی جناب راجہ صاحب۔

راجہ محمد ظفر الحق۔ جناب چیئرمین! اس میں کوئی شک نہیں کہ شریعت کے نفاذ کے سلسلے میں پاکستان کی 99 فیصدی سے زیادہ آبادی اس بات کی خواہش مند ہے کہ پاکستان کے اندر شریعت کا قرآن و سنت کا نظام ہونا چاہیئے اور اس کا اظہار مختلف صورتوں میں آئین کے اندر بھی وقتاً فوقتاً ہوتا رہا۔ میں اس کا کریڈٹ کسی ایک کو نہیں دینا چاہتا بلکہ جب قرارداد مقاصد آئین کا حصہ بنانے کے لئے پاس ہوئی تھی تو اس وقت سے لے کر جتنے بھی آئین بنے ہیں ان میں یہ بات واضح طور پر آتی گئی ہے اور خود ۱۹۷۳ء کے آئین میں اسلام کو پاکستان کا سرکاری مذہب قرار دیا گیا ہے۔ اب یہ سوال تھا کہ آیا کس حد تک اس کا نفاذ ہو اور کس حد تک نہ ہو

اور اس بارے میں بہت سے لوگوں کے اپنے اپنے خیالات ہیں۔ کوئی یہ چاہتا ہے کہ جو مغربی زندگی کا طرز ہے وہ بھی جاری رہے اور اسلام کا نام بھی جاری رہے۔ کچھ لوگ یہ کہتے ہیں کہ اس سے کوئی فرق نہیں پڑا ہے، لہذا قرآن و سنت کی بالادستی اس ملک کے اندر ہونی چاہیئے۔ اس سلسلے میں بحث ہونی چاہییے ۔ کوئی عجیب بات نہیں ہے۔ جو زندہ معاشرے ہوتے ہیں جو لوگ mind apply کرتے ہیں ان میں بحث ہوتی ہے لیکن یہ بحث اصول کی ہوتی ہے، قاعدے کی ہوتی ہے اور خود رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ اختلاف امت کی رحمت ہے کہ میری امت کے اندر رائے کا اختلاف ایک رحمت ہے۔ شریعت کے سلسلے میں، طریق کار کے سلسلے میں اگر کوئی آدمی یہ کہے کہ اس کو اس طریقے سے موجودہ حالات میں نافذ ہونا چاہیئے تو اس کو بھی اجتہاد کہا جاتا ہے۔ اس کی بھی اپنی حدود ہیں لیکن نفس کے اندر اجتہاد نہیں ہوتا۔ اس لحاظ سے میں یہ سمجھتا ہوں کہ اگر ملک کے اندر یہ بحث چلی ہے اور مختلف لوگوں نے اپنی اپنی رائے کا اظہار کیا ہے تو اس میں نہ تو گھبرانے کی بات ہے اور نہ اس میں کوئی برائی ہے۔ لیکن اس میں تشدد کا آجانا درست نہیں ہے۔ خود مجھے بھی اور باقی لوگوں کو بھی مختلف قسم کے خطوط مختلف انجمنوں کی طرف سے آئے ہیں۔ آپ نے یہ بھی دیکھا ہوگا کہ ایک غیر مسلم تنظیم نے یہاں اسلام آباد کے اندر جلوس بھی نکالا اور اس میں جھنڈے بھی تھے اور بڑی ٹرانسپورٹ بھی تھی اور کوئی ۱۰۰ لوگ تھے جو میں نے خود اپنی آنکھوں سے دیکھا ہے۔ ان کے مطالبوں میں ایک مطالبہ یہ بھی تھا کہ پاکستان کا نام اسلامی جمہوریہ پاکستان کی بجائے صرف جمہوریہ پاکستان رکھا جائے۔ اسلامی نکالا جائے، حدود قوانین ختم کئے جائیں۔ اسلامی قوانین جتنے بھی ہیں انہیں ختم کیا جائے۔ ایسے لوگ بھی موجود ہیں لیکن ان پر کسی نے تشدد تو نہیں کیا۔ اب بات صرف یہ ہے کہ اس بحث میں صرف ایک چیز کو نظر انداز نہیں کرنا چاہیئے کہ یہ بحث کسی اصول اور قاعدے کے تحت ہونی چاہیئے ایوان میں بھی اور ایوان کے باہر بھی۔ میں اس بات کے حق میں نہیں ہوں کہ کوئی آدمی یہ کہے کہ کیونکہ دوسری جانب سے میرے نقطہ نگاہ کے ساتھ اتفاق نہیں ہے تو اس پر تشدد کیا جائے۔ اس بات کی نہ اسلام اجازت دیتا ہے اور نہ ہمارا مذہب اجازت دیتا ہے لیکن اس بات کو اس حد تک لے جانا مناسب نہیں ہے۔ خود ہر ایک آدمی کو جو خط آتے ہیں اگر آپ ان کو اکٹھا کرکے دیکھیں تو اس میں طرح طرح کی آراء ہیں۔ بے شمار ایسے خطوط بھی ہیں جن کے نیچے کسی کا نام بھی نہیں ہے۔ بے شمار ایسے خطوط ہیں جو بالکل جعلی اور فرضی ہیں۔

وہ ایک ماحول پیدا کرنے کے لئے بنائے جا رہے ہیں۔ تو اس لحاظ سے میں یہ سمجھتا ہوں کہ جو ارکان اسمبلی ہیں یا ارکان سینٹ ہیں ان کو اس بات کا حق ہے کہ وہ اپنی رائے دیں اور جو وہ اپنی رائے دیں گے اپنے ضمیر کے مطابق دیں گے لیکن اگر کوئی شخص مثلاً وزیر اعظم یا کوئی اور آدمی پاکستان کے مسلمانوں سے یہ کہتا ہے کہ جو لوگ یہاں پاکستان کے اندر بستے ہیں انہیں شریعت کی حمایت کرنی چاہیئے تو اس میں تو کوئی برائی نہیں ہے۔ یہ تو ہرمسلمان کا فرض ہے کہ وہ دوسرے کو یہ تلقین کرے کہ وہ شریعت کے مطابق اپنی زندگی گزارے کیونکہ یہ آئین کا حصہ ہے۔ لیکن اس معاملے میں جیساکہ میں نے پہلے گزارش کی کہ حکومت کی طرف سے کبھی ایسا نہیں ہوا کہ کوئی کسی کو تشدد پر ابھارے یا تشدد کے لئے کوئی تلقین کسی کو کرے۔ لہٰذا انفرادی طور پر ایسے cases ہیں جن کو آدمی look after کر سکتا ہے۔ میرا اپنا خیال یہ ہے کہ with the passage of time جوں جوں وقت گزرے گا تو یہ بحث ایک راستہ اختیار کرے گی، ایک توازن اختیار کرے گی۔ اب قومی اسمبلی سے پاس ہوا، سینٹ میں آئے گا ۔ یہاں سینٹ کی اپنی مرضی ہے کہ وہ کیا کرتے ہیں۔ لیکن یہ میرا حق بھی ہوگا کہ میں انہیں یہ کہوں، یہ گزارش کروں کہ وہ اس کی حمایت کریں، اسی طریقے سے کوئی اگر اس سے اختلاف رکھتا ہے تو اس کو بھی یہ حق پہنچتا ہے کہ وہ یہ کہے کہ ہم اس کی حمایت نہ کریں۔ اس میں یہ خامیاں ہیں۔ ابھی کل ہی مجھے خط موصول ہوا، اعتراز احسن کی طرف سے ۔ احسان الحق پراچہ صاحب نے اپنا کارڈ لگا کر سارے ممبرز آف دی سینٹ کو یہ بھیجا ہے، ممبرز آف دی اسمبلی کو یہ بھیجا ہے اور اس میں ان کے اپنے دلائل ہیں۔ تو ان دلائل کا جواب تو دلائل سے ہی دینا چاہیئے تو اس لحاظ سے اس میں کوئی برائی نہیں ہے، کوئی تشدد کا معاملہ نہیں ہے، کوئی انارکی پیدا کرنے کا معاملہ نہیں ہے۔ اس کو وہ بات نہ سمجھا جائے ۔ لہٰذا میں یہ سمجھتا ہوں کہ وقت گزرنے کے ساتھ اتنی صلاحیت موجود ہے اس قوم کے اندر کہ وہ اپنے فیصلے ٹھنڈے دماغ سے انشاء اللہ تعالیٰ کرے گی۔

جناب چیئرمین : شکریہ جی، ایک منٹ جی۔

Mr. Chairman : We have in our amidst today a parliamentary delegation from Nepal headed by the Rt. Hon. Beni Bahadur Karki. The delegation represents the National Assembly which is the Upper House of the Parliament of

Nepal. My own behalf and on behalf of the members of the Senate, I would formally welcome Nepalese delegation. They are our friends. We have very good relations with Nepal and I am sure their present visit will greatly strengthen the relations that we have with our friendly and brotherly country

جی ڈاکٹر بلیدی صاحب آپ کچھ کہنا چاہتے ہیں۔

ڈاکٹر محمد اسماعیل بلیدی : جناب میں یہ اس لئے ضروری سمجھتا ہوں کہ ہمارے منسٹر حلیم صدیقی صاحب پہلی دفعہ موجود ہیں after visit to Bolida, he is present in Senate. انہوں نے تکلیف کی اور بولیدہ تشریف لائے گزشتہ سولہ تاریخ کو اور personally he has مجھے سپورٹ کیا supported me انہوں نے تکلیف کر کے وہاں پر آکر لالٹین کا مسئلہ، جو بجلی کا مسئلہ تھا، حل کرنے کا اعلان کیا۔ تو میں نے اس لئے ضروری سمجھا کہ پہلی دفعہ وہ موجود ہیں، میں ان کا شکریہ ادا کروں اور آپ کا بھی جو اعلان انہوں نے کیا ہے اس کو implement کب تک کریں گے اور مجھے امید ہے کہ انشاء اللہ وہ ایک مہینے میں اس کو کر دیں گے۔

جناب چیئرمین : جی جناب اجمل خٹک صاحب۔

جناب اجمل خان خٹک : جناب چیئرمین، جو مسلم سٹوڈنٹس فیڈریشن، نواز گروپ کی طرف سے خط ملا اور سینیٹر زاہد نے اس کے بارے میں کچھ کہا - اس پر جناب ہمارے محترم اور قابل قدر بھائی راجہ صاحب نے بھی اظہار خیال کیا - سب سے پہلے تو مجھے خوشی ہے کہ راجہ صاحب تشریف لے آئے ہیں اور آپ اہم مسائل پر اس ہاؤس میں اپنے انداز کے مطابق بولنے لگیں گے۔ اختلاف ہو سکتا ہے لیکن آپ کی قابلیت، صلاحیت اور نیت جو ہمیں معلوم ہے اس سے ہم خوش ہیں کہ آپ یہاں پر ہیں۔ لیکن جس طرح سے آپ نے کچھ کہا، میں یہ تو نہیں کہہ سکتا کہ آپ نے فرائض منصبی یا، جو ذمہ داری ان کی ہے، اس کی روشنی میں کچھ کہا ہوگا۔ ورنہ میں کیسے مان لوں کہ آپ کسی کو یہ حق دیں کہ اس بل پرخواہ وہ اسے شریعت بل کہیں یا کوئی اور مقدس نام دیں، پندرہویں ترمیم، اس پر فیصلے سینٹ کے اندر نہ ہوں یا جو آپ نے فصاحت سے کہا کہ حق ہے کہ ہم عوام کی راہنمائی کریں اور جو بل پیش ہوا ہے اس کے بارے میں ان سے رائے لینے کی کوشش کریں۔ یہ صحیح ہے لیکن میں کیسے مانوں کہ راجہ صاحب اس کے

بھی حق میں ہیں کہ اس ہاؤس سے باہر بھی اگر کچھ کہا جائے اور اس سلسلے میں وزیراعظم کی پوزیشن کا کوئی شخص قبائلی علاقہ میں جا کر عوام سے کچھ کہے۔

اس پر بہت کچھ ہوا ہے، اور اشتعال دلایا اس حد تک کہ اگر بحث اس پر ہو گی تو ہم دلائل دے سکتے ہیں کہ انہوں نے کیا کیا کچھ کہا ہے، کیسٹ سے ثابت کر سکتے ہیں۔ یہ حق اس کو کس نے دیا؟ اس کے علاوہ بنیادی بات یہ ہے کہ سینٹ میں جو کچھ بھی کہا جائے یہاں تک کہ باہر بھی لوگوں کو سمجھایا جائے، اس پر ہمیں کوئی اعتراض نہیں ہے لیکن میرا نکتہ یہ ہے کہ خود وزیراعظم نے اس انداز میں، اس علاقے میں، جس میں پہلے شریعت کے نام پر مخلص مسلمان، علمائے حق عوام کو متحرک کر چکے ہیں۔ آپ نے جا کر پندرہویں ترمیم کو شریعت بل کہا یہ الگ بات ہے، اس پر میں کہوں گا کہ میرے پاس جتنی ٹیمیں بھیجی گئی ہیں حکومت کی طرف سے، وہ میری بات سن لیں کیونکہ وہ ذاتی معاملہ تھا، وہ میرے حجرے میں آئی ہیں، ان کا نام میں نہیں لینا چاہتا۔ لیکن وہ کہیں کہ انہیں میں نے کہا کہ یہ بل ہے، یہاں صرف اتنا لکھیں کہ یہ بل شریعت ہے، شریعت بل ہے تو میں اس کو شریعت مان لوں گا اور پھر اس کے لئے ووٹ دیتے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ یہ شریعت بل نہیں ہے، یہ شریعت بل کے لئے دروازہ ہے یا اس کو آگے لے جائیں گے۔ یہ جو حضرات بولتے ہیں، اگر یہ بولتے ہیں تو ان کو حق ہے کہ بولیں، لیکن پھر مجھے بھی ان کے بعد بولنے کی اجازت ہو گی۔ سنیں، انہوں نے کہا کہ یہ پاس ہو جائے تو ہم شریعت لانے کی کوشش کریں گے نہیں تو آپ کے ساتھ مل کر حکومت کے ساتھ لڑیں گے۔ میں نے کہا مجھے یقین ہے کہ آپ سب کچھ کر سکتے ہیں اور کریں گے اور ہمارا ساتھ بھی دیں گے اور ہم بھی شریعت کے لئے آپ کا ساتھ دیں گے کیونکہ ہم بھی مسلمان ہیں۔ اور ہم ایسے مسلمان ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے ایک حرف، ایک لفظ، ایک حرکت پر جان و مال کی قربانی دینے کے لئے تیار ہیں۔ وہ لوگ نہ معلوم کیا کرتے ہیں اور ہم وہ لوگ ہیں کہ ہم نے دینی مدارس بنائے ہیں، دارالعلوم حقانی کے نام سے اکوڑہ خٹک میں پاکستان کا بہت بڑا ادارہ ہے، وہ میں نے بنایا ہے۔ بہرحال میں ان باتوں میں نہیں پڑنا چاہتا۔ کہنا یہ ہے کہ سوال یہ نہیں کہ کوئی کسی کو کچھ نہ کہے، اس کو اپنی رائے کے مطابق بنائے، نہیں، سوال یہ ہے کہ اس کو شریعت بل کہنا غلط ہے، یہ تو کہیں گے، انہوں نے تو ضیاء الحق کے اس ریفرنڈم کو بھی سب کچھ کہا، میں اس بحث میں نہیں پڑنا چاہتا۔ بہرحال ان میں سے جو میرے پاس آئے، جو نہیں

آئے، ان کے بارے میں، میں کچھ نہیں کہہ سکتا۔ علمائے حق میں سے آج تک مجھ سے ایسا کوئی نہیں ملا، جس نے یہ کہا ہو کہ یہ بل شریعت ہے، اس سے شریعت طے ہو جائے گی، ایسا کسی نے نہیں کہا۔ ان کے پاس کوئی ایسا ہو تو میں حاضر ہوں، اس کے پاس جانے کے لئے بھی میں تیار ہوں۔ لیکن یہ شریعت بل نہیں ہے، اگر ہوتا تو سب سے پہلے میں اور میری پارٹی اس پر سردھڑ کی بازی لگانے کے لئے تیار ہو جاتی۔ یہ پندرہویں ترمیم ہے۔ سوال یہ ہے کہ یہ ترمیم ہے، ٹھیک ہے مانتے ہیں، اس ترمیم پر یہاں لوگوں کو آمادہ کریں ووٹ دینے پر۔ ملک میں گھوم کر آمادہ کریں، جس طریقے سے بھی آمادہ ہوں، یہاں تک کہ وہ جو دوسرا سلسلہ چلا ہے وہ بھی کر کے دیکھ لیں لیکن ملک کے ایک نازک علاقے اور مخلص مسلمانوں کے علاقے میں جا کر انہیں یہ کہنا کہ تم ووٹ دیتے ہو، ہاں دیتے ہیں، کل بھی کہا ووٹ دیتے ہو، ہاں دیتے ہیں، سوال یہ ہے کہ یہ فیصلہ اسمبلی میں ہو گا یا وہاں پر جلسوں میں ہو گا۔ تو بہرحال اگر اسمبلیوں میں چاہتے ہیں تو ہم تیار ہیں، اگر عوام میں چاہتے ہیں، زاہد خان نے بھی یہی کہا ہے کہ اسمبلی، سینٹ، سینٹ کے مسائل، بل کے بارے میں مسائل کے سلسلے میں عوام کو راضی کرنے، آمادہ کرنے کا حق ہے لیکن وہاں فیصلے کرنے کا نہیں ہے۔ خیر وہ بھی الگ بات ہے لیکن ان کو اشتعال دلانا کہ جو ووٹ نہ دے وہ کافر ہیں، وہ مرتد ہیں، وہ واجب القتل ہیں، ان کو ٹھیک کرنا ہے، یہ وزیر اعظم خود کرتے ہیں اور زاہد خان نے ٹھیک کہا ہے، وہ یہ نہیں کہتا کہ ہم یہ کریں گے، وہ کہتے ہیں کہ جو راستہ آپ اختیار کرنا چاہتے ہیں، آئین کا، قانون کا، جیسے آپ نے کہا اور راجہ صاحب نے کہا، سینٹ کا، اسمبلی کا اور اس کے اندر قواعد و ضوابط کا، اس پر چلنا چاہتے ہیں یا عوام کے پاس جا کر ان کو اشتعال دلا کر، سینیٹروں کے خلاف ان کو مشتعل کرنا چاہتے ہیں، آپ کون سا راستہ اختیار کرنا چاہتے ہیں۔ زاہد خان کا کہنا یہ ہے کہ ہم وہ راستہ جو آئین نے اختیار کیا ہے، جو مہذب دنیا کا راستہ ہے، جو اسلام کا راستہ ہے، جو انسانیت کا راستہ ہے ہم اسی راستے پر چلیں گے اور یہ کہا کہ اسی راستے پر آپ چلیں گے تو اس نے کچھ نہیں کہا۔ میں کہوں گا کہ خدا کے لئے اس ملک کی حالت کو دیکھیں۔ آپ جا کر لوگوں کو اشتعال دلاتے ہیں۔

آج اورکزئی میں جو کچھ ہوا یہ نا معلوم طالبان تھے یا نہیں، اور وہاں کے قاعدے کے مطابق ہوا ہو گا۔ قبائلی علاقے میں حکومت کی مہربانی سے اشتعال خود موجود ہے۔ ملک بارود کا ڈھیر بنا ہوا ہے، آپ اس طرف جاتے ہیں کہ اٹھیں، ان کو ٹھیک کریں، یہ کافر ہیں تو آپ کا

بھی یہی کہنا ہے اور میرا بھی کہنا یہی ہے اور آپ سب غور سے سنیں کہ کیا ایک سینیٹر کو، ایک پشتون، ایک پنجابی، ایک قبیلے، ایک سندھی، ایک مہاجر، ایک بلوچ سینیٹر کو آج کی سماجی حالت میں آپ گولی ماریں گے۔ اس کا نتیجہ کیا ہو گا۔ پھر ایک پارٹی کو۔۔۔۔۔۔۔۔

جناب چیئرمین صاحب! آپ نے بحث چھیڑی۔ بلوچ کا مقصد یہ ہے، یہ راستہ ملک کی آبادی کا نہیں ہے، یہ خون ریزی کا ہے۔ اس نے کہا کہ آپ کے پاس اگر گولی ہو گی تو گولی کی آنکھ نہیں ہوتی، گولی ہر جگہ موجود ہے تو اس کو روکنا چاہئیے۔ کیا کرنا چاہئیے۔ بل آ جائے جیسے محترم راجہ صاحب نے کہا، یہاں پیش ہو۔ وہاں پیش ہوا اس کے حق میں رائے دی گئی، یہاں پیش ہو گا جو نتیجہ نکلے گا سب کو منظور ہے۔ یہ عمل کہ باہر اشتعال دلاتے ہیں، یہ ملک کے لئے، ملک کے مستقبل کے لئے نہایت ہی خطرناک ہے، ملک کو آگ اور خون کے طوفان میں پھینکنے کا عمل ہے۔ خدا کے لئے اس راستے سے رکیں ورنہ اس کی تمام ذمہ داری اس حکومت پر ہو گی جو یہ کام کر رہی ہے۔ جہاں تک اس کا سوال ہے۔ آپ نے نہیں پڑھا، یہ ہے Muslim Students Federation, کوئی عام خط نہیں ہے اور کہتا ہے کہ نواز شریف گروپ، پھر ادھر قائد اعظم کا فوٹو، ادھر نواز شریف کا فوٹو۔ "اس شریعت کا جو غدار ہے موت کا حق دار ہے"۔ شریعت کا غدار، پندرہویں ترمیم کے مخالف کو شریعت کا غدار کہنا بذات خود ایک امر ہے۔ میں سمجھتا ہوں کہ اس ملک میں مسلمان تو چھوڑیں، کل میں کرسچین فرنٹ کے جلسے میں تھا، غیر مسلم بھی اسلامی شریعت کے اس ملک میں خلاف نہیں ہیں اور مسلمان، مسلمان نہیں ہو سکتا جو شریعت کے خلاف ہو تو یہ کہتے ہیں کہ "جو شریعت کا غدار ہے موت کا حق دار ہے"۔ آگے لکھتے ہیں، یہ ہوائی نہیں، "جو پندرہویں ترمیم کو ووٹ نہیں دے گا وہ شریعت کا غدار ہے اور موت کا حق دار ہے"۔ آگے پڑھیں، وزیر اعظم نواز شریف نے قومی اسمبلی سے شریعت بل منظور کرا کر۔۔۔ ۔۔۔۔۔ کون سا بل، پندرہویں ترمیم، ان میں دیانت ہے، صداقت ہے، حقیقت ہے، کچھ تہذیبی تقاضوں کا لحاظ ہے مرتد ٹھہرانا کس کا کام ہے اور ہمارے پیارے مذہب میں ایسے لوگوں کو واجب القتل ٹھہرا دیا گیا ہے، جو پندرھویں ترمیم کو ووٹ نہیں دیں گے وہ واجب القتل ٹھہرا دیئے گئے ہیں اس پر ذرا سوچیں، بطور سینیٹر ہم واجب القتل ہیں، پھر بھی کہتے ہیں بطور سینیٹر آپ سیاسی وابستگی سے بالاتر ہوکر شریعت بل کی حمایت کریں۔ میں کہتا ہوں شریعت بل لائیں ہم حمایت کریں گے۔ پندرھویں ترمیم کی نہیں کریں گے، نہ وہ پاس کرسکتے ہیں، وہ بھاگیں

گے جس راستے بھی بھاگیں گے ، بچ نہیں سکتے، شریعت بل کی حمایت نہ کرنے والا ہر شخص مرتد اور کافر ہے۔ لہذا قرآن و سنت کے مطابق دائرہ اسلام سے خارج، عجیب فتوے ہیں ، خیر، خارج ہونے والے سینیٹروں کو قرار واقعی سزا دینا مسلمان ہونے کے ناتے سے ہم پر لازم ہوگا ، ٹھیک ، تم پر لازم ہے لیکن ملک کو کس طرف بڑھا رہے ہو ، زاہد خان والی بات ، میں اس پر زیادہ کچھ نہیں کہوں گا صرف اتنا کہوں گا کہ

حادی بدیں راہ کہ تو می روی　　　　　　　　به مکہ نیست ، بہ ترکستان است ۔

جس راستے پر آپ ملک کو بڑھا رہے ہیں پندرھویں ترمیم سے اختیار دلا کر، میں راجہ صاحب کا احترام کرتا ہوں ، قابلیت اور نیت کی تائید کرتے ہوئے کہتا ہوں کہ شریعت بل لائیں۔ علمائے حق اور قرآن و سنت کی تعلیمات کے مطابق اس کو شریعت بل کہیں گے مگر یہ تو پندرھویں ترمیم ہے ۔ اس لئے میں کہتا ہوں جو بھی ترمیم ہے اس پر بعد میں بحث ہوگی ۔ ترمیم کا فیصلہ کرنا اسمبلی یا سینٹ کا حق ہے ، باہر لے جانا ، لوگوں کو اشتعال دلانا ، لوگوں سے فیصلہ لینا ، درست نہیں ہے پھر اشتعال دلا کر جو فضا پیدا کی جا رہی ہے ، سب سے زیادہ خطرہ یہ ہے، کہ وہ اس طرح بنے گا جیسے 1936 میں پہلی کانگریس کے نام سے حکومت خدائی خدمت گاروں نے کی، شریعت کی ابتداء انہوں نے کی ، عورت کا کوئی حق نہیں تھا ، ہم نے اس کا حق دیا، مزدوروں، محنت کشوں پر بوجھ تھا اس کو ہم نے ہٹایا ۔ مسلمانوں کے ملک میں بلکہ پاکستان میں ہم اس مذہب کو اس دین کو اسلام کو آفاقی ، ازلی ، ابدی انسانیت کی تمام حیات پر حاوی اور اس کا علاج سمجھتے ہیں اور ہمارا عقیدہ ہے کہ اس ابدی ازلی آفاقی مذہب میں ہر دور کا علاج ہے اس کو اس کی روح کے مطابق ایک نظام کے طور پر قائم کرنا چاہیے ۔ ہمارا پاکستان کیونکہ مسلمان اکثریتی ملک ہے، ہمارا فرض ہے ہم کریں گے ، اس سے نہیں ڈرتے ۔ یہ نہیں کرتا نہ کرے، وہ ہم سب کا فرض ہے۔ لیکن جس طرف ملک کو بڑھایا جا رہا ہے زاہد خان نے اس کی طرف اشارہ کیا ہے وہ یہ ہے کہ آپ سن لیں ، نوٹ کر لیں ، مانیں یا نہ مانیں اس کو اس طرف لے جا رہے ہیں جس سے ملک کو آگ اور خون کے طوفان میں ڈبو کر اس کو ختم کرنے کا ارادہ ہے ۔ ہم اس ایوان سے اعلان کرتے ہیں کہ اس قسم کی ہر کوشش کو خواہ وہ کسی بھی نام سے ہو جس کا مقصد اس ملک کو نقصان پہنچانا ہو اس کے خلاف ہم انشاء اللہ چٹان کی طرح ڈٹ کر کھڑے ہیں اور آپ دیکھیں گے اور آپ دیکھیں کہ ملک کی تمام دینی، سیاسی، سماجی

جماعتیں اور تنظیمیں ہماری آواز پر لبیک کہیں گی لیکن جنگ کے لئے نہیں، محاذ آرائی کے لئے نہیں، کسی کو کرسی پر بٹھانے اور اٹھانے کے لئے نہیں، بلکہ ملک کو اس طرف لے جانے کے لئے جس سے ملک مستحکم ہو، عوام خوشحال ہوں، اس کے لئے ہم میدان میں کھڑے ہیں۔ ہمیں کسی کی پرواہ نہیں ہے۔ یہ تو ڈوب رہے ہیں، ختم ہو رہے ہیں۔ کل مجھے کسی نے کہا کہ یہ درخت تو گر رہا ہے، میں نے کہا گر تو رہا ہے، ہمیں خطرہ یہ ہے کہ کہیں قوم کی ہڈی پسلی توڑ کر، آگ میں جلا کر یہ نہ گرے، ہم اس کو سنبھالیں گے، انشاء اللہ۔ ان الفاظ کے ساتھ شکریہ

جناب چیئرمین: جی اس جانب سے کوئی، راجہ صاحب آپ کی جانب سے کوئی اس کے جواب میں کچھ کہنا چاہے گا؟

راجہ محمد ظفر الحق: اس لحاظ سے تو میں جواب کی ضرورت محسوس نہیں کرتا ۔ جن خیالات کا اظہار انہوں نے کیا ہے ان میں دو چیزیں واضح طور پر نظر آتی ہیں۔ ایک تو انہوں نے یہ بھی فرمایا ہے کہ وہ اگر شریعت کا کوئی بل ہو تو اس کی حمایت کرنے کو تیار ہیں لیکن پندرھویں ترمیم کی حمایت وہ نہیں کریں گے خواہ شریعت ہی پندرھویں ترمیم کے ذریعے سے آ رہی ہو۔

جناب محمد اجمل خان خٹک: یہ غلط بیانی ہے۔

راجہ محمد ظفر الحق: اب یہ دونوں چیزیں تھوڑی سی متضاد ہیں۔ ہم ان کے ساتھ بیٹھیں گے، ہم ان سے بات کریں گے، ہم اپنے دلائل دیں گے اور انہیں قائل کرنے کی کوشش کریں گے کہ اگر آپ کی یہ خواہش ہے کہ پاکستان کے اندر شریعت نافذ ہونی چاہیئے، قرآن اور سنت کی بنیاد کے اوپر تو پھر ان میں کیا کیا نقائص ہیں جنہیں آپ سمجھتے ہیں کہ یہ اس میں نہیں ہونے چاہیئیں۔ کونسی اس بل کے اندر وہ چیز ہے مثال کے طور پر اس کا پہلا حصہ یہ ہے کہ Quran and Sunnah would be the supreme law of Pakistan. یہ پہلی چیز ہے۔

گزارش یہ ہے کہ اس سلسلے میں اتنی غلط فہمیاں پھیلائی گئی ہیں اور کوئی communication gap کا ہے جس کی وجہ سے ایک طبقہ، خواہ اس کی تعداد کتنی بھی ہے، وہ دوسرے کی بات سمجھنے سے قاصر ہے یا کوئی سیاسی رکاوٹیں ایسی ہیں جس کی بنا پر سمجھنے کی کوشش اور خواہش بھی نہیں ہے۔ اس بل کے اندر وہ چیزیں ڈالنے کی یا اس کے اندر پڑھنے کی

کوشش کی جا رہی ہے جو اس بل کے اندر موجود ہی نہیں ہیں۔ مجھے کل ہی ایک صاحب نے جو اپوزیشن سے تعلق رکھتے تھے، انہوں نے یہ کہا کہ اس کی application غیر مسلموں پر کیوں کردی گئی ہے۔ میں نے کہا کہ بڑا افسوس ہے کہ آپ اس معاملے میں بات کر رہے ہیں، اتنے طویل عرصے سے یہ بل پبلک ہوا ہے، اخبارات میں چھپا ہے، لیکن آپ نے وہ شق نہیں پڑھی جس میں یہ لکھا ہے کہ اس بل کے مندرجات میں سے کوئی بھی کسی غیر مسلم کے بنیادی حقوق کے اوپر، اس کی عبادت کے اوپر، اس کے حقوق شہریت کے اوپر، اس کی traditions کے اوپر اثر انداز نہیں ہوگا۔ اس کے باوجود یہ کہنا کہ اس سے ان کے حقوق پر ضرب پڑے گی یہ غلط ہو گا۔

بعینہٖ اس میں یہ کہا گیا ہے کہ اس سے کسی آدمی کے اختیارات میں اضافہ ہوجائے گا، میں سمجھتا ہوں کہ وہ بھی بیٹھ کر بات طے کی جاسکتی ہے کہ اس سے کونسی چیزوں میں اضافہ ہو جائے گا۔ لہذا میں سمجھتا ہوں کہ یہ جو ماحول ملک کے اندر بنا ہوا ہے وہ ایسا ہے کہ بعض لوگ قطعاً اس بات کو سمجھنے سے ہی انکار کر رہے ہیں کہ یہ چونکہ حکومت نے پیش کیا ہے، لہذا اس کی مخالفت لازمی ہوگئی ہے۔ میں یہ توقع قطعاً اپنے محترم اجمل خٹک صاحب سے نہیں کرتا۔ سیاسی طور پر اختلافات اپنی جگہ لیکن دین کے معاملے میں انسان کو ایک خاص حد تک اختلاف رائے کی اجازت تو ہوسکتی ہے لیکن اگر مخالف بھی اذان دے تو کلمہ طیبہ پڑھنے میں کوئی حرج نہیں ہے ۔ اس معاملے میں میں یہ سمجھتا ہوں کہ ان کا ذہن ایک لحاظ سے صاف ہونا چاہیئے، ایک ہسٹری ہے، ایک تاریخ ہے، بعض لوگ تو ایسے بھی ہیں جن سے میں نے بات کی ہے، اس پارلیمنٹ کے ارکان ہیں، انہوں نے کہا ہے کہ جی مذہب کے ساتھ ہمارا کوئی تعلق نہیں ہے۔ یہ ان کی اپنی رائے ہے۔ مجھے افسوس ہوا، لیکن میں ان کی رائے بدل تو نہیں سکتا۔ انہوں نے کہا کہ جی ہم سیکولر پارٹی ہیں۔ ہم مذہب کی پیچ کے اوپر سیاست کرنا ہی نہیں چاہتے۔ ہم سیاست غیر مذہبی بنیادوں پر کرنا چاہتے ہیں۔ یہ ان کا اپنا رویہ ہے۔ اس میں کوئی آدمی ان کو بدل نہیں سکتا۔ ایک صاحب نے کہا کہ جی میں مذہب سے بیزار ہوں۔ اب اس میں آدمی کیا کرے۔ کسی آدمی نے کہا جی ہم نے سیاست کی تھی تو ہم نے مذہبی جماعتوں کو اپنے علاقے سے نکالا ہوا ہے، اگر ہم پھر مذہب کی بنیاد پر سیاست کریں گے یا مذہب کو قبول کرلیں گے تو پھر ہماری اپنی سیاسی حیثیت متاثر ہو گی۔ اس کا کوئی علاج نہیں ہے، وہ ان کی اپنی سیاسی سوچ ہے لیکن خدا کے

لئے ان ساری چیزوں کو ایک طرف رکھیئے اور یہ ضرور خیال کیجئیے کہ کہیں سیاسی مخالفت میں ہم اس حد تک نہ چلے جائیں جہاں اپنے ایمان کے بارے میں یا پاکستان کے آئین کے بارے میں جو ہمارے خیالات ہیں، ان میں کوئی پراگندگی یا انتشار پیدا ہو، وہ نہیں ہونا چاہیئے، وہ حدود قائم رہنی چاہئیں اور باقی معاملات میں یہ ہمارا فرض بنتا ہے کہ ہم انہیں بھی approach کریں، members of the Parliament کو بھی approach کریں اور اچھے طریقے سے انہیں سمجھانے کی کوشش کریں اور جو ہمارے اپنے خیالات ہیں، ان تک انہیں لے جانے کی کوشش کریں۔ یہ ان تک بات ہے کہ وہ ٹھنڈے دل سے اس پر غور کرنے کی کوشش کریں تاکہ کوئی ایسا راستہ اختیار کیا جا سکے، کیونکہ پاکستان لاکھوں لوگوں کی قربانیوں سے بنا تھا اور اس سلسلے میں آج بھی ایک عام آدمی کی خواہش ہے۔ وہ کیسے پوری کی جا سکتی ہے، اگر اس کو امن ملے، اگر اس کی خوشحالی کا بندوبست ہو، اگر اس کے اپنے ایمان کے مطابق قوانین بنائے جائیں تو میں سمجھتا ہوں کہ اس معاملے میں ہر ایک آدمی ہاتھ کا بٹانا چاہیئے۔ نیکی، سچائی اور حقیقت کے بارے میں ضرور ساتھ دینا چاہیئے۔ اگر آپ سمجھتے ہیں کہ اس میں کوئی برائی ہے، اس میں کوئی خامی ہے، اس میں کمی ہے تو یقین کیجئے کہ کوئی قطعاً آپ کو یہ منع کرنے کے لئے تیار نہیں ہے کہ آپ اس معاملے میں اپنے دلائل نہ دیں۔

جیسے میں نے پہلے گزارش کی تھی کہ ایک بڑی تعداد NGOs کی ہے جن میں سے کچھ ایسی بھی ہیں جو ملکی ہیں، کچھ ان میں سے ایسی بھی ہیں جن کو باہر سے پیسہ ملتا ہے اور وہ بھی ہر روز سکولوں میں، کالجوں میں، اپنے کلبوں میں، باقی جگہوں پر جا کر اس کے خلاف پرچار کرتے ہیں اور letters بھی لکھتے ہیں اور ان کے جو letters ہیں وہ اس سے بھی زیادہ threatening ہیں۔ یہ تو اپنا اپنا انداز ہے۔

خدا معلوم ایک انتشار کی کیفیت پیدا کرنے کے لئے کئی لوگ دوسروں کے نام پر یا گمنام طریقے سے بدنام کرنے کی خاطر، کئی لوگ ایسے پیڈ چھپوا کر اس معاملے کو آگے کرنے کی کوشش کرتے ہیں۔ لہذا یہ جو ایسے معاملات ہیں، میرا اپنا خیال یہ ہے کہ اب بھی حالات ایسے گئے گزرے نہیں ہیں کہ ہم ایک دوسرے کے ساتھ آئین کے بارے میں قوم کے مستقبل کے بارے میں، قوم کی خوشحالی کے بارے میں بات کرنے سے ہچکچائیں۔ ہمیں کھلے دل سے ایک دوسرے کے ساتھ بات کرنی چاہیئے اور وہ راستہ اپنانے کی کوشش کرنی چاہیئے جس میں اس ملک

کی بہتری ہو۔ اس لحاظ سے میں اجمل خٹک صاحب سے یہ گزارش کروں گا کہ اپنا حتمی فیصلہ کرنے سے پیشتر میرا خیال ہے ایک meeting کی ضرورت ہے ' جہاں بیٹھ کر ٹھنڈے دل سے ---' میں اجمل خٹک صاحب سے جو کہہ رہا ہوں وہ اس لئے نہیں کہہ رہا کہ ایک وہ شخصیت ہیں بلکہ میں اس پوری سائیڈ سے کہہ رہا ہوں کہ اس معاملے میں بیٹھ کر ' ٹھنڈے دل سے تبادلہ خیالات ہونا چاہیئے اور باتیں ہونی چاہییں اور اگر وہ ہمیں convince کرسکیں کہ اس میں کوئی برائی ہے یا خرابی ہے تو ہم بھی سمجھنے کو تیار ہیں اور اگر اس میں کوئی ایسی خرابی نہیں ہے' کسی کے اختیارات میں اضافہ نہیں ہے تو پھر انہیں بھی اس معاملے میں تعاون کرنے کی خواہش کا اظہار کرنا چاہیئے ۔ میں سمجھتا ہوں کہ اس سے بہتر نتائج برآمد ہو سکتے ہیں۔

جناب چیئرمین۔ جی اجمل خٹک صاحب۔

جناب محمد اجمل خان خٹک ۔ جناب والا! فصاحت و بلاغت سے میری رائے اور سوچ کو عوام کے سامنے لے جانے کے بارے میں ان کی تقریر کے بعد کچھ غلط فہمیاں پیدا ہو سکتی ہیں' میں اس کی وضاحت کرنا چاہتا ہوں۔ پہلی بات یہ ہے کہ انہوں نے جب مجھے کہا کہ یہ شریعت بل تو نہیں ہے لیکن ہم اس کو پاس کر کے آئندہ شریعت کے بارے جو ضروری شقیں ہیں ان کے لئے جد و جہد کریں گے ۔ میں نے یہ نہیں کہا کہ جی میں اس راستے پر نہیں جانا چاہتا۔ میں نے کہا کہ آپ اس پرزے پر دستخط کیوں کرنا چاہتے ہیں جس کو آپ شریعت بل کہتے ہیں ۔ یہ سوال نہیں ہے ۔ وہ مجھے سمجھاتے جیسے آپ فرما رہے ہیں کہ یہ شریعت بل ہے تو پھر میرا بحیثیت مسلمان یہ فرض تھا کہ کوئی خوش ہو نہ ہو اس کے لئے ووٹ دیتا۔

دوسری بات یہ ہے کہ آپ فرما رہے ہیں کہ اس میں ایسا کیا ہے۔ میں نے کہا امر بالمعروف و نہی عن المنکر ہمارے قبائل میں رائج ہے یہ system۔ وہاں سے لیا گیا ہے یہ۔ لیکن کچھ دیا گیا ہے اور کچھ اپنی اغراض کے لئے لفافے میں بند کر کے ۔ سنیں' وہاں یہ ہے کہ فیصلہ جرگہ کرتا ہے اور جرگے کے لئے حکم' فتویٰ قرآن و سنت کی روح سے علماء حق دیتے ہیں۔ آپ اس سے انکار کریں۔ امر بالمعروف کو سمجھنا افسر کا کام نہیں ہے۔ ڈپٹی کمشنر ' ایس پی کا۔ ڈپٹی کمشنر بہترین ڈپٹی کمشنر بن سکتا ہے۔ ایس پی بہترین ایس پی بن سکتا ہے۔ لیکن امر بالمعروف و نہی عن المنکر علماء حق کا کام ہے۔ وہاں بھی جو امر بالمعروف و نہی عن المنکر کہتے ہیں۔

ان کا دامن صاف ہو تا ہے۔ وہ خود ملوث نہیں ہوتے۔ میں ملوث ہونے میں سیاسی بات کا ذکر نہیں کرنا چاہتا۔ بہت سی باتیں ہیں اور میں نہیں کہتا، آپ کے ریکارڈ کہتے ہیں کہ جن سے آپ امر بالمعروف پر اقدامات اٹھانے کی بات کریں گے۔ امر بالمعروف کو جاری کرنے کی بات کریں گے۔ جناب محترم راجہ ظفر الحق صاحب آپ اپنے سینے کے اندر دیکھ کر کہیں کہ یہ لوگ ہوں گے جو امر بالمعروف پر کیا کریں گے، موت تک کی سزا دے سکتے ہیں۔ قانون میں ہو یا نہ ہو۔ یعنی وہاں یہ کام شروع بھی ہو گیا ہے۔ بہرحال اس میں کچھ ہے نہیں۔ آپ کہتے ہیں کہ ہم سمجھنے کی کوشش کریں۔ خدا کے لئے آپ بنانے والوں کے ساتھ بیٹھیں اور خود سمجھنے کی کوشش کریں کہ امر بالمعروف پر افسر عمل کرائیں گے یا علماء حق۔ میں آج کہتا ہوں۔ ہمارے مخالف علماء بھی ہیں۔ سیاسی مخالف بھی ہیں، نام لوں تو کچھ رہ جائیں گے کچھ کا نام لے سکوں گا اور یہ علماء مسالک کے لحاظ سے بھی مختلف ہیں۔ میں ببانگ دہل کہتا ہوں کہ سب علماء کا ----یہاں بھی ایک عالم تشریف رکھتے ہیں جناب عبدالستار نیازی صاحب، اس نے ایک نقشہ پیش بھی کیا ہے۔ تو یہ لوگ---

(اس موقع پر اذان کی آواز سنائی دی)

(اذان کے بعد کی کارروائی)

جناب محمد اجمل خان خٹک۔ میں گزارش کر رہا تھا کہ علمائے حق جو ملوث نہ ہوں ان کی میں توجیہہ نہیں کرنا چاہتا کیونکہ اس میں بہت کچھ آ جاتا ہے۔ علمائے حق جس جماعت سے بھی ہوں، جس مسلک سے بھی ہوں، سب بیٹھ کے فیصلہ کریں۔ دین، شریعت، اسلام، قرآن، سنت، حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی تعلیمات، خداوند تعالیٰ کی ہدایات کو وہ زیادہ سمجھتے ہیں۔ ہمارا عقیدہ یہ ہے اور جنہوں نے یہ بل پیش کیا وہ بھی سمجھتے ہوں گے۔ اس پر کچھ نہیں کہنا چاہتا لیکن ہم مانیں گے علمائے حق کو، جس پارٹی سے بھی تعلق رکھتا ہو، جس مسلک سے بھی ہو۔ آج اعلان کریں کہ ہم یہ فیصلہ، امر بالمعروف کو نافذ کرنے کا فیصلہ اور شریعت کیا ہے اس کا فیصلہ ہم کس کو دیتے ہیں؟ علمائے حق یہ فیصلہ کریں۔ آج ہم علمائے حق کی بات ماننے کے لیے تیار ہیں۔ ہم قرآن کو مانتے ہیں، ہم شریعت کو مانتے ہیں، حدیث کو مانتے ہیں، خدا کو مانتے ہیں، حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو مانتے ہیں لیکن نواز شریف کو نہیں مانتے ہیں۔ رہی یہ بات کہ اس میں کیا ہے۔ آپ نے خود کہا کہ آئین میں اسلامی دفعات موجود ہیں۔ اس کا جواب دیں کہ

ان پر عمل کرنے میں کیا رکاوٹ ہے۔ تمام علماء یہی کہتے ہیں کہ کیا رکاوٹ ہے؟ اگر قرآن شریف کی تعلیمات کی رو سے واقعی کوئی چیز حرام ہے، اس کے لیے اعلان کریں، دفعات پر عمل کریں۔ وہ نہیں کرتے۔ اس لیے صاف ظاہر ہے کہ یہ قرآن وسنت کی دفعات پر عمل کرنا نہیں چاہتے ۔ ترامیم کرا کے عمل کرنا یہ دھوکہ ہے، یہ اسلام اور شریعت کے ساتھ مذاق ہے۔ یہ صرف پندرھواں ترمیمی بل ہے جس کے ذریعے وہ اپنے آپ کو امیرالمومنین بنانا چاہتا ہے۔

آخر میں آپ نے کچھ کہا، سیکولر کا لفظ بھی استعمال کیا۔ ہم بھی سیکولر پارٹی ہیں۔ اعلان کرتا ہوں کہ ہم سیکولر ہیں لیکن لا مذہب نہیں ہیں۔ خدا کے فضل سے ہمارا دعویٰ اور عمل ہے قرآن و سنت پر، خداوند کی ہدایات پر، حضور صلی اللہ وسلم پر، احادیث پر۔ اگر کوئی پارٹی کے لحاظ سے اور شخصی لحاظ سے عمل کر سکتا ہے تو ہم ہیں۔ ہم سیکولر پارٹی ہیں اور لا مذہب نہیں ہیں۔ وہ کیا ہیں ؟ وہ مذہب کو اقتدار کی کرسی کی لونڈی بنا کر اقتدار کی خدمت لینا چاہتے ہیں۔ یہ اسلام کی توہین ہے۔

دوسری بات ہم قوم ہیں۔ جیسا کہ میں نے پہلے کہا، تمام مذاہب کے لوگ، اقلیت کے نام آپ یاد کرتے ہیں، وہ یہاں موجود ہیں۔ اس لیے ہم کبھی بیزار نہیں ہیں دین سے، اسلام سے، مذہب سے، جن کی طرف وہ اشارہ ہے وہ سمجھیں۔ سیکولر چونکہ ہم ہیں اس لیے میں نے جواب دیا۔

آخر میں کہنا یہ تھا کہ زاہد خان نے خط لکھا۔ یہ کہا کہ نواز شریف کے جلسے، نواز شریف کا عمل اشتعال دلا رہا ہے۔ آیا تبلیغ میں اشتعال بھی شامل ہے۔ قولوللناس حسنا۔ لوگوں کے ساتھ حسن کے ساتھ باتیں کرو۔ اشتعال مت دلاؤ۔ ہمارا مسئلہ ہے اشتعال دلانے کا۔ اشتعال دلایا جا رہا ہے اور یہ خط اس کا بین ثبوت ہے۔ یہ کہتے ہیں کہ خط غلط ہے۔ غلط ہے تو یہ کام حکومت کا ہے۔ حکومت چڑیا کے پیچھے ایک نہیں سو شہباز تو اڑا سکتی ہے اور اتنے بڑے خطرناک کام کے لیے کہتے ہیں کہ غلط کہا ہو گا۔

سینٹ کی تضحیک کی، آئین کی تضحیک کی۔ ہماری نمائندگی کی تضحیک کی۔ ہمیں کافر کہا۔ مذہب کی تضحیک کی۔ ہمارے دین اور ایمان کے عقیدے کی تضحیک کی۔ اس پورے سینٹ کے اپوزیشن والوں کی تضحیک کی ۔ یہ اگر غلط ہے تو آپ باقاعدہ اس کی تحقیق کریں۔ جس میں سینٹ کے لوگ بھی ہوں۔ جہاں کمیٹی کا سوال ہے۔ آپ سے گزارش کرتے ہیں۔ ہم اس کے لیے تیار ہیں لیکن یہ تو انہوں نے وہاں سے پاس کیا۔ آج بھی وہ کہتے ہیں شریعت بل، شریعت

بل۔ آپ یہ کہیں شریعت بل نہیں ہے۔ پندرھویں ترمیم ہے۔ ہم بات چیت کے لیے تیار ہیں۔

جناب چیئرمین: شکریہ جی۔ اب میرا خیال ہے بہت ہو گیا ہے، نماز کا وقت بھی ہو گیا ہے۔ جی، جی فرمائیے حاجی عبدالرحمٰن صاحب۔

حاجی عبدالرحمٰن: جناب چیئرمین! مجھے بہت خوشی ہوئی ہے کہ خٹک صاحب نے ایک secular party کے لیڈر کی حیثیت سے اور مسلمان کی حیثیت سے پاکستان میں نفاذ شریعت کی حمایت پر خوشی اور اطمینان کا اظہار کیا ہے اور اس پر مکمل co-operation اور اس کو پاس کرنے میں ہر قسم کی مدد کرنے کا یقین دلایا ہے۔ میں ان سے درخواست کرتا ہوں اور راجہ صاحب سے بھی یہی درخواست کروں گا کہ قرآن و سنت کے خلاف، شریعت بل میں اگر کوئی خامی ہے یا کچھ قرآن و سنت کے خلاف ہے اور وہ اسے دور کرنا چاہتے ہیں تو براہ مہربانی ان کی وہ تجاویز لے کر ان کو عملی جامہ پہنائیں اور قرآن و سنت کے نفاذ میں ہم ایک ہو کر انشاء اللہ سینٹ سے اس کو پاس کروائیں گے اور میں ان کو اس پر مبارکباد پیش کرتا ہوں۔

جناب چیئرمین: تو اب تو وقت ختم ہو گیا ہے، انشاء اللہ کل صبح۔

So, the House is adjourned to meet again tomorrow at 10.00 a.m.

[The House was then adjourned to meet again on Thursday, 17th of December, 1998 at 10.00 a.m. in the morning]